احمدی احباب کی تعلیم و تربیت کیلئے

بدھ 14 نومبر 2007ء

روزنامہ
الفضل

C.P.L 29-FD
ٹیلی فون نمبر 047-6213029

ایڈیٹر: عبدالسمیع خان

Web: http://www.alfazl.org
Email: editor@alfazl.org

بدھ 14 نومبر 2007ء 3 ذیقعدہ 1428 ہجری 14 نبوت 1386 ھش جلد 57-92 نمبر 258

کیا میں شکر گزار بندہ نہ بنوں

حضرت عائشہؓ بیان کرتی ہیں کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم رات کو اٹھ کر نماز پڑھتے یہاں تک کہ آپؐ کے پاؤں متورم ہو جاتے۔ ایک دفعہ میں نے آپؐ سے عرض کی اے اللہ کے رسولؐ! آپ کیوں اتنی تکلیف اٹھاتے ہیں جب کہ اللہ تعالیٰ نے آپؐ کے اگلے پچھلے سب قصور معاف کر دیئے ہیں۔ یعنی ہر قسم کی غلطیوں اور لغزشوں سے محفوظ رکھنے کا ذمہ لے لیا ہے۔ اس پر حضورؐ نے فرمایا کیا میں یہ نہ چاہوں کہ اپنے رب کے فضل و احسان پر اس کا شکر گزار بندہ بنوں۔

(بخاری کتاب التفسیر۔ سورۃ الفتح حدیث نمبر: 4460)

ارشادات عالیہ حضرت بانی سلسلہ احمدیہ

گناہ سے پاک ہونا بجز اس کے ممکن نہیں کہ ہیبت اللہ کی موت یقین کی تیز شعاعوں کی وجہ سے انسان کے دل پر وارد ہو جائے اور سچی محبت اور سچی ہیبت دل میں بس جائے اور دل خدا کے جمال اور جلال سے رنگین ہو جائے اور یہ دونوں کیفیتیں کبھی اور ہرگز دل میں آ ہی نہیں سکتیں جب تک کہ خدا کی ہستی اور اس کی ان دونوں قسم کے صفات پر یقین پیدا نہ ہو۔ پس اس سے معلوم ہوا کہ نجات کی جڑ اور نجات کا ذریعہ صرف یقین ہے۔ وہ یقین ہی ہے کہ باوجود بلاؤں کے سامنے کے اطاعت کے لئے گردن جھکا دیتا اور آگ میں داخل ہونے کے لئے کھڑا کر دیتا ہے وہ یقینی نظارہ ہی ہے جو عاشق بنا دیتا ہے اور مرنے کے لئے تیار کر دیتا ہے۔ وہ یقینی نظارہ ہی ہے کہ جس سے انسان خدا کے لئے آرام کا پہلو چھوڑتا اور مخلوق کی تعریف اور تحسین سے لاپرواہ ہو جاتا اور ایک کے لئے تمام دنیا کو اپنا خطرناک دشمن بنا لیتا ہے انسان یقینی ہیبت کی وجہ سے مباح چیزوں کو بھی ڈرتا ڈرتا ہی استعمال کرتا ہے اور زبان کو ناگفتنی باتوں سے روکتا ہے گویا اس کے منہ میں سنگریزے ہیں اور یہ یقین یا تو دیدار سے میسر آتا ہے اور یا اس گفتار سے جو خدا کا یقینی کلام ہے جو اپنی طاقت اور شوکت اور دلکش خاصیت اور خوارق سے ثابت کر دیتا ہے کہ وہ خدا کا کلام ہے بجز اس صورت کے نہ خدا کی ہستی پر یقین آ سکتا ہے اور نہ اس کی صفات پر۔ اب جس حالت میں یہ مانا گیا ہے کہ خدا تعالیٰ اس بات پر قادر ہے کہ یقینی کلام کسی بندہ پر نازل فرماوے اور اس کا وعدہ انعمت علیہم اس امکان کو ضروری ٹھہراتا ہے اور نجات بھی اسی کلام الٰہی پر موقوف ہے جو یقینی ہو اور انسانی فطرت بھی اس کی پیاسی پائی جاتی ہے تو کیوں اور کیا وجہ کہ خدا اس فیض سے امت کو محروم رکھے کیا انسان کی فطرت میں یہ جوش نہیں ڈالا گیا کہ وہ خدا تعالیٰ کی ہستی پر یقین پیدا کرے اور کوئی ایسا ذریعہ اس کو حاصل ہو جس سے وہ سمجھ لے کہ وہ اپنی تمام پاک صفات کے ساتھ درحقیقت موجود ہے مگر کیا وہ ذریعہ صرف آسمان اور زمین کی صنعتیں ہو سکتی ہیں ہرگز نہیں کیونکہ غائیت درجہ ان سے صرف ضرورت خالق محسوس ہوتی ہے نہ کہ یہ کہ خالق درحقیقت موجود بھی ہے اور ضرورت خالق پر دلیل قائم ہونا اس خالق کی واقعی ہستی پر قطعی دلیل نہیں ہو سکتی اسی لئے انبیاء اور آسمانی نشانوں کی حاجت پڑی کیونکہ دلائل عقلیہ صرف اس حد تک خدا تعالیٰ کی نسبت علم بخشتے ہیں کہ ان مصنوعات پر نظر کر کے جن میں ایک ابلغ اور محکم ترکیب پائی جاتی ہے یہ ضرورت ثابت ہوتی ہے کہ ان کا ایک صانع ہونا چاہئے لیکن یہ دلائل یہ ثابت نہیں کرتے کہ وہ صانع فی الواقع ہے بھی اور ہے اور ہونا چاہئے میں ایک فرق ہے جو اس کیفیت کو ظاہر کرتا ہے۔ اسی طرح نہیں کہہ سکتے کہ پہلی کتابیں اور پہلے معجزات خدا تعالیٰ کی ہستی پر ایک قطعی دلیل ہے کیونکہ اس وقت نہ وہ معجزات بدیہی طور پر مشاہدات میں سے ہیں اور نہ اس وقت وہ کلام نازل ہو رہا ہے۔ ہاں قرآن شریف معجزہ ہے مگر وہ اس بات کو چاہتا ہے کہ اس کے ساتھ ایک ایسا شخص ہو کہ اس معجزہ کے جوہر ظاہر کرے اور وہ وہی ہوگا جو بذریعہ الہامی کلام کے پاک کیا جائے گا۔ اب جبکہ انسانی فطرت اور انسانی کانشنس اور انسانی روح شکوک و شبہات کی موت سے مرنا پسند نہیں کرتی اور خدا تعالیٰ کی راہ میں ایک کھلے کھلے یقین کی پیاسی ہے تو اس سے ظاہر ہے کہ جس قادر اور حکیم نے انسان کو یقین حاصل کرنے کی پیاس لگا دی ہے اس نے پہلے سے اس بات کا انتظام بھی کر لیا ہے کہ انسان یقین کے مرتبہ تک پہنچ جائے۔ اب یہ سوال پیدا ہوتا ہے کہ وہ کونسا انتظام ہے جو یقین تک پہنچاتا ہے سو مجھے چھوڑتا میں صاف صاف کہہ دوں کہ وہ انتظام ابتداء دنیا سے آج تک ایک ہی چلا آیا ہے یعنی خدا کا قول جس کی تائید اور تصدیق اس کا خارق عادت فعل کرتا ہے۔

(نزول المسیح۔ روحانی خزائن جلد 18 ص 489)

تحریک جدید کے سال نو کا اعلان

۞ سیدنا حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ نے 9 نومبر 2007ء کو خطبہ جمعہ کے ذریعے تحریک جدید کے سال نو (74) کے افتتاح کا اعلان فرما دیا ہے۔

سال گزشتہ جو 31۔ اکتوبر کو اختتام پذیر ہوا اس میں جملہ جماعتوں کی قابل قدر قربانیوں نیز بین الاقوامی موازنہ میں جماعت ہائے پاکستان کو اولیت کا مقام حاصل کرنے پر حضور انور نے اظہار خوشنودی فرمایا ہے اور نئے سال کیلئے جماعتی روایات کے مطابق پہلے سے بڑھ کر قربانیاں پیش کرنے کی دعوت دی ہے۔

اندریں صورت عہدیداران جماعت سے درخواست ہے کہ سال نو کے وعدہ جات نمایاں اضافہ کے ساتھ اپنے پیارے امام کی خدمت میں پیش کرنے کیلئے جلد از جلد مرکز میں پہنچانے کا اہتمام فرمائیں۔

(وکیل المال اول تحریک جدید)

نمایاں کامیابی

۞ مکرم کامران احمد صاحب کاہلوں کارکن خدام الاحمدیہ ایوان محمود تحریر کرتے ہیں۔

میری بیٹی مکرمہ ثمارا کامران صاحبہ محض خدا تعالیٰ کے فضل و کرم سے امسال گورنمنٹ جامعہ نصرت فار ویمن میں 913/1100 نمبر حاصل کر کے پری انجینئرنگ میں اپنے کالج میں اول رہی ہیں دوسری بڑی کامیابی نیشنل ٹیسٹنگ سروس پاکستان میں (NAT(IE میں 99.79% کے ساتھ بحیثیت طالبہ علم سرفہرست رہی ہیں احباب سے درخواست دعا ہے کہ اللہ تعالیٰ یہ اعزاز اس کی مزید کامیابیوں کا پیش خیمہ بنائے اور نیک خادمہ دین اور مقبول خدمت دین کی توفیق عطا فرمائے۔ آمین

بندش بجلی

۞ مورخہ 13، 15، 20، 27 نومبر کو صبح 8-30 تا 2-30 بجے بجلی بند رہے گی۔ مندرجہ ذیل محلّہ جات متاثر ہوں گے۔ باب الابواب، دارالیمن، دارالفضل، دارالصدر، دارالفتوح، دارالرحمت، فیکٹری ایریا، نصیر آباد، چمن عباس، عظیم پارک، دل خوشاب احباب مطلع رہیں۔ (اسسٹنٹ مینیجر فیسکو ربوہ)

عزتوں کا سرچشمہ

حضرت خلیفۃ المسیح الثالث فرماتے ہیں۔

محض قیل وقال محض لاف وگزاف، محض باتیں بنانا انسان کی عزت کو اللہ تعالیٰ کی نگاہ میں قائم نہیں کرتا۔ نہ اس طرح پر انسان خدا تعالیٰ کا پیارا اور محبوب اور مقرب بن سکتا ہے۔ آیت قرآنیہ کا جو ٹکڑا میں نے آپ کے سامنے پڑھا ہے اس میں اللہ تعالیٰ یہ فرماتا ہے۔ تم میں سے جو عزت کا متلاشی ہو وہ کان کھول کر سن لے اور یاد رکھے کہ تمام عزتیں اور تمام وجاہتیں خدا تعالیٰ ہی کے لئے ہیں۔ وہی عزتوں کا سرچشمہ ہے۔ اور اسی سے حقیقی عزت کو حاصل کیا جا سکتا ہے۔ دنیا میں انسان بڑوں یعنی صاحب اقتدار اور صاحب وجاہت کی نگاہ میں بعض دفعہ خوشامد کے ذریعہ عزت حاصل کر لیتا ہے بعض دفعہ وہ چاپلوسی کے نتیجہ میں ان کی نگاہ میں محبوب ہو جاتا ہے بعض دفعہ وہ اتنی چرب زبانی سے کام لیتا ہے کہ دنیادار اور دنیا میں جو بڑا شمار ہوتا ہے اس سے متاثر ہوئے بغیر نہیں رہتا۔ اور ایک قدر اور منزلت ان لوگوں کی نگاہ میں اس شخص کے لئے پیدا ہو جاتی ہے۔ چرب زبانی کا تو یہاں تک اثر ہے کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ دو فریق میرے پاس آتے ہیں۔ ایک کی زبان بڑی چلتی ہے وہ اپنے مفہوم کو زیادہ اچھی طرح واضح کر سکتا ہے۔ دوسرا اپنے مفہوم کو زیادہ اچھی طرح واضح نہیں کر سکتا جو حق پر ہے وہ اپنے حق میں صحیح دلائل بھی اچھی طرح پیش نہیں کر سکتا اور جو ناحق پر ہے وہ غلط دلائل کو بھی یا غلط واقعات کو بھی میرے سامنے ایسے رنگ میں پیش کر سکتا ہے کہ میں اس کی باتوں سے متاثر ہو کر اس کے حق میں فیصلہ دے دیتا ہوں۔ لیکن میں محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم جو خدا تعالیٰ کا محبوب اور پیارا ہوں۔ میں جس پر اللہ تعالیٰ کی آخری شریعت نازل ہوئی ہے اگر میرا فیصلہ بھی اس شخص کے حق میں ہوگا تو وہ حقدار نہیں بنے گا۔ اگر وہ واقعہ میں اس چیز کا حقدار نہیں لیکن دنیا کی عزتیں عارضی عزتیں ہیں۔ جیسا کہ بھاپ ہوتا ہے۔ ایک بلبلہ سا پانی سے بن جاتا ہے۔ اس کی اٹھان اور رفعت بھی ہے۔ اس میں ایک حسن بھی ہے۔ لیکن نہ اس میں حقیقت ہے اور نہ اس میں فائدہ ہی ہے۔ یہی حال ان عزتوں کا ہے جو دنیا میں دنیا والوں کی طرف سے انسان حاصل کرتا ہے اور دنیا والوں کی نگاہ میں اسے میسر آتی ہیں۔

غرض اللہ تعالیٰ نے فرمایا کہ یہ کوئی عزتیں نہیں ہیں۔ حقیقی عزت وہ ہے جو عزت کے حقیقی سرچشمہ سے نکلتی ہے یعنی اللہ تعالیٰ کی طرف سے اس کے بندے کو ملتی ہے۔ لیکن ساتھ ہی یہ بھی فرمایا کہ میرے حضور محض باتیں کسی کام نہیں آئیں گی کیونکہ میں دلوں کے مخفی سے مخفی رازوں کو بھی جاننے والا ہوں۔ مجھے تمہارے اعمال میں وہ نقص وہ کوتاہیاں، خودی کی وہ ملاوٹ جو تم جانتے ہو لیکن لوگ نہیں جانتے۔ مجھے ان کا ہی علم نہیں بلکہ تمہارے اعمال کی اور تمہاری دعاؤں کی اور تمہارے اذکار کی وہ خامیاں اور ان کے وہ رخنے بھی جن سے تم خود بھی واقف نہیں ہو۔ میرے علم سے باہر نہیں رہ سکتے۔ (۔) نیک باتیں بے شک اللہ تعالیٰ تک پہنچتی ہیں۔ لیکن وہ اسی وقت اللہ تعالیٰ تک پہنچتی ہیں **والعمل الصالح** یرفعہ جب ان باتوں کو عمل صالح کر رہا ہو۔ صعود کے معنی عربی زبان میں اس چیز کے ہوتے ہیں جو انسان سے خدا تعالیٰ تک پہنچے۔ اور اس کے مقابلہ میں نزول اس کو کہتے ہیں جو برکت کے رنگ میں یا رحمت کے رنگ میں یا فضل کے رنگ میں یا بعض دفعہ بعض دوسرے رنگوں میں اللہ تعالیٰ کی طرف سے بندے کو پہنچتی ہیں۔ پس یہاں اللہ تعالیٰ نے فرمایا۔ اگر تم حقیقی عزت اس دنیا میں بھی اور اخروی زندگی میں حاصل کرنا چاہتے ہو تو عزت کے معیار کی نشان دہی ہم کر دیتے ہیں اور وہ ہے ہماری ہی ذات للہ العزۃ جمیعا اور اس سلسلہ میں تمہیں ایک تنبیہ بھی کر دیتے ہیں کہ محض باتیں کرنا تمہیں کچھ فائدہ نہیں پہنچائے گا۔ جب تک کہ اچھی باتوں کے ساتھ ساتھ اچھے عمل بھی نہ کئے جائیں گے۔ اس کے لئے عربی زبان میں ایمان کے معنے صرف دل کے اقرار یا زبان کے اقرار کے ہی نہیں بلکہ ایمان کے معنی کے اندر یہ بات بھی ائمہ لغت نے بیان کی ہے کہ دلی اقرار اور زبان کے اظہار کے ساتھ ساتھ انسانی جوارح (یعنی وہ اعضاء جن سے ان کے عمل سرزد ہوتے ہیں) کی تصدیق بھی شامل ہو۔ جب تک ان کی تصدیق اس کے شامل حال نہ ہو وہ ایمان نہیں کہلا سکتا۔

(مشعل راہ جلد دوم ص 21)

اطلاعات و اعلانات

نوٹ: اعلانات صدر/امیر صاحب حلقہ کی تصدیق کے ساتھ آنا ضروری ہیں۔

ولادت

مکرم فلاح الدین صاحب دارالبرکات ربوہ تحریر کرتے ہیں۔

کہ خدا تعالیٰ نے محض اپنے فضل سے خاکسار کی ہمشیرہ مکرمہ مبشرہ صدیقہ صاحبہ اہلیہ مکرم ملک وقاص احمد صاحب گلشن راوی لاہور کو 19 راکتوبر 2007ء کو پہلی بیٹی سے نوازا ہے۔ حضور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے ازراہ شفقت بچی کا نام ملیحہ وقاص عطا فرمایا ہے۔ جو بابرکت تحریک وقف نو میں شامل ہے نومولودہ مکرم عبدالمجید سالک صاحب کی پوتی اور مکرم چوہدری محمود علی صاحب شاہدرہ لاہور کی نواسی ہے۔ بچی کی صحت اور خادمہ دین ہونے کیلئے احباب جماعت سے دعا کی درخواست ہے۔

نمایاں اعزاز

بورڈ آف انٹرمیڈیٹ اینڈ سیکنڈری ایجوکیشن فیصل آباد کے شیڈیول کے مطابق ہونے والے ڈسٹرکٹ ہیڈ ماسٹر ایسوسی ایشن جھنگ کے زیر اہتمام انٹرزونل سالانہ ورزشی مقابلہ جات میں نصرت جہاں اکیڈمی ربوہ نے مندرجہ ذیل کھیلوں کے مقابلہ جات میں پوزیشن حاصل کی اور بورڈ ہذا کے تحت ہونے والے انٹر ڈسٹرکٹ سکولز چیمپیئن شپ کیلئے کوالیفائی کیا۔

1۔ ہینڈ بال اول 2۔ ٹینس بال اول
3۔ سکواش اول 4۔ باسکٹ بال دوم

ان مقابلہ جات میں درج ذیل کھلاڑی شامل ہوئے۔

1۔ راجہ ظہیر احمد ولد راجہ منیر احمد باسکٹ بال + ہینڈ بال
2۔ عفان احمد ولد مشتاق احمد باسکٹ بال + ہینڈ بال
3۔ احتشام احمد ولد ملک منظور احمد باسکٹ بال
4۔ سمیر احمد ولد ظفر احمد باسکٹ بال + ہینڈ بال
5۔ شاہ جہاں راجہ ولد راجہ عبدالشکور باسکٹ بال + ہینڈ بال
6۔ اعزاز احمد ولد بشارت احمد باسکٹ بال + ہینڈ بال
7۔ شواظ بن ظفر ولد محمد کریم ظفر ٹیبل ٹینس + باسکٹ بال
8۔ اسامہ ناصر ولد ناصر احمد باسکٹ بال
9۔ حسان احمد ولد حسین احمد بیڈ منٹن
10۔ شعیب احمد طاہر ولد عبدالصمد قریشی ٹینس + سکواش
11۔ عتیق احمد ولد رفیق احمد ناصر ٹینس + سکواش
12۔ احمد سعید ولد طارق سعید ٹینس + ٹیبل ٹینس + سکواش
13۔ جنید احمد ولد مبارک احمد ٹینس + ٹیبل ٹینس
14۔ کمال احمد ولد بلال احمد ٹینس + سکواش
15۔ محمد ظفر اللہ ولد رضی اللہ بیڈ منٹن
16۔ قیصر محمود ولد محمود احمد شاہد باسکٹ بال
17۔ احسن سلیمان ولد رحمت الٰہی بابر باسکٹ بال + ہینڈ بال
18۔ بلال احمد ولد بشارت احمد ہینڈ بال
19۔ فرخ شہزاد ولد شاہد سلیم بیڈ منٹن
20۔ اسد اللہ ولد تقی احمد ہینڈ بال

مورخہ 17 تا 19۔ اکتوبر کو ہونے والی انٹر سکول سکواش چیمپیئن شپ میں ضلع بھر میں نصرت جہاں اکیڈمی نے پہلی پوزیشن حاصل کی یہ چیمپیئن شپ ناصر سپورٹس کمپلکس ربوہ میں منعقد ہوئی تھی۔

احباب کرام سے دعا کی درخواست ہے کہ اللہ تعالیٰ ادارہ کو مزید کامیابیوں اور اعزازات سے نوازے۔ ہمیں حقیقی وقف کی روح سے اپنے فرائض ادا کرنے کی توفیق عطا فرمائے۔ آمین

اعلان دارالقضاء

(مکرم عمر فاروق صاحب ترکہ
مکرم چوہدری محمد فاروق احمد صاحب مرحوم)

مکرم عمر فاروق صاحب نے درخواست دی ہے کہ میرے والد مکرم چوہدری محمد فاروق احمد صاحب ولد محمد یوسف صاحب وفات پا گئے ہیں ان کے نام قطعہ نمبر 36/3 محلّہ دارالنصر ربوہ برقبہ 10 مرلہ الاٹ ہے۔ یہ قطعہ مرحوم کے تینوں بیٹوں کے نام (بحصص شرعی) منتقل کر دیا جائے دیگر وارثین کو اس منتقلی پر کوئی اعتراض نہ ہے۔ جملہ ورثاء کی تفصیل حسب ذیل ہے۔

(1) مکرم چوہدری محمد یوسف صاحب والد متوفی
(2) مکرمہ رضیہ بیگم صاحبہ (بیوہ)
(3) مکرمہ عنبرین کوکب صاحبہ (بیٹی)
(4) مکرم عمر فاروق صاحب (بیٹا)
(5) مکرم عدنان فاروق صاحب (بیٹا)
(6) مکرمہ حناء کنول صاحبہ (بیٹی)
(7) مکرمہ ثمرین کوکب صاحبہ (بیٹی)
(8) مکرم جہانزیب صاحب (بیٹا)

بذریعہ اخبار اعلان کیا جاتا ہے کہ کسی وارث یا غیر وارث کو اس منتقلی پر اگر کوئی اعتراض ہو تو وہ تیس یوم کے اندر اندر دفتر ہذا کو مطلع کر کے ممنون فرمائیں۔

(ناظم دارالقضاء ربوہ)

گمشدہ نقدی

ایک دوست کی کچھ نقدی دارالعلوم شرقی ہادی سے ایمبیسی بورڈ سٹاپ تک جاتے ہوئے مورخہ 7 نومبر 2007ء کو کہیں گر گئی ہے۔ اگر کسی صاحب کو ملے تو صدر عمومی کے دفتر پہنچا دیں۔

(سیکرٹری جنرل لوکل انجمن احمدیہ ربوہ)

پبلشر و پرنٹر طاہر مہدی امتیاز احمد وڑائچ مطبع ضیاء الاسلام پریس مقام اشاعت دارالنصر غربی چناب نگر (ربوہ) قیمت -/4 روپے

حضرت مولانا ذوالفقار علی خان صاحب گوہر آف رامپور یوپی

شمالی ہند کے مردم خیز خطہ کا مخلص و جان نثار وجود۔ رفیق حضرت مسیح موعود

مکرم نصر اللہ خان ناصر صاحب

حضرت مولانا ذوالفقار علی خان صاحب گوہر کا تعلق پٹھانوں کے قبیلہ یوسف زئی سے ہے جو پاکستان کے صوبہ سرحد کے متوطن قبائل میں خاص اعزاز واکرام کا حامل ہے۔ یوسف زئی قبیلہ نے ہمیشہ اپنی آزادی کو برقرار رکھا اس کی تاریخ سینکڑوں سال سے جہد آزادی میں کوشاں رہی اور سیف وسناں سے نہ صرف اپنی آزادی کی حفاظت کرتی رہی بلکہ مختلف اوقات میں اپنے علاقہ میں برسراقتدار بھی رہی۔ اسی معروف قبیلہ سے حضرت خان صاحب موصوف آغوش احمدیت میں آئے اور ایک گوہر تابدار بن کر چمکے۔ اس طرح حضرت خان صاحب موصوف کا تاریخ احمدیت میں نہایت اخلاص وجان نثاری کا مقام ہے۔ زیرنظر مضمون میں آپ کے انہی کوائف واحوال کو ہدیہ احباب کیا جارہا ہے۔

خاندانی پس منظر

آپ تحریک آزادی ہند کے ہیروز مولانا شوکت علی خان مرحوم اور مولانا محمد علی جوہر مرحوم المعروف علی برادران کے بڑے بھائی تھے اس خاندان کا تعلق قبیلہ یوسف زئی کی شاخ منڈر سے ہے جس کے جد امجد میر امجد خیل تھے۔ تاریخ سے معلوم ہوتا ہے کہ منڈر شاخ کے ایک نامور شخص حیات خان نے یوسف زئی علاقہ چھوڑ کر ہندوستان کا رخ کیا۔ پہلے پنجاب میں اور پھر شمالی ہندوستان میں وارد ہوئے اور مختلف علاقوں میں صاحب اقتدار رہے۔ تاریخ آزاد پٹھان یوسف زئی میں لکھا ہے۔

''ظہیر الدین بابر کے وقت سے انہوں نے ہندوستان میں اپنی ریاستیں قائم کرنے شروع کر دی تھیں جن کے بچے کھچے نشانات اب بھی رامپور جونا گڑھ ٹونک مانا داور وغیرہ کی شکل میں دکھائی دے رہے ہیں''۔ (تاریخ آزاد پٹھان یوسف زئی ص613)

اس خاندان کا یہ دور سولہویں صدی سے 1857ء کی تحریک تک کا ہے جو پہلے نجیب آباد اور پھر رامپور ضلع مراد آباد یوپی میں قیام پذیر ہوئے۔ چنانچہ حضرت مولانا ذوالفقار علی خان صاحب گوہر کے والد ماجد عبدالعلی خان صاحب اپنی اولاد کے ساتھ رامپور سے ہی منسوب ہوئے۔ عبدالعلی خان فوج میں میجر تھے۔ انگریزی فوج میں ان کی نمایاں خدمات تھیں اولاد میں پانچ بیٹے اور ایک بیٹی تھی۔

1۔ بندے علی خان صاحب۔ 2۔ حضرت مولانا ذوالفقار علی خان گوہر۔ 3۔ شوکت علی خان صاحب۔ 4۔ نوازش علی خان صاحب۔ 5۔ مولانا محمد علی صاحب جوہر۔ 6۔ احمدی بیگم

''ان کی والدہ ماجدہ بانو بیگم (بی اماں) نواب درویش علی خان صاحب پنج ہزاری کے خاندان سے تعلق رکھتی تھیں اور سنبھل کے ایک رئیس کی بیٹی تھیں''۔

(کلام گوہر ص16 از پروفیسر حبیب اللہ خان مرحوم)

ولادت اور تعلیم وملازمت

حضرت خان صاحب موصوف 1869ء میں بمقام رام پور پیدا ہوئے۔ والد کے انتقال کے وقت آپ گیارہ سال کے تھے بڑے بھائی بندے علی خان صاحب بھی جوانی میں ہی فوت ہوگئے تین بھائی اور ایک بہن ان سے چھوٹے تھے۔ آپ کی ابتدائی تعلیم بریلی میں ہوئی میٹرک پاس کرلیا تو علی گڑھ بھیج دیئے گئے۔ وہاں ایف اے تک تعلیم پائی گھر کے مالی حالات اچھے نہ ہونے کے باعث مزید تعلیم تو جاری نہ رکھ سکے اور 1894ء، 1895ء میں بطور انسپکٹر محکمہ آبکاری ملازمت اختیار کرلی یہی وہ دور ہے جب احمدیت سے آپ کا تعارف ہوا۔ آپ تحصیلدار کے عہدہ تک ترقی پا گئے تھے۔ اسسٹنٹ کمشنر کے عہدہ پر پہنچے تھے کہ اس ملازمت کو ترک کرکے نواب آف رام پور کے پاس بطور سپرنٹنڈنٹ محکمہ آبکاری ملازمت کی۔ کچھ عرصہ دوبارہ انگریزی عملداری میں ملازم رہے مگر ملازمت سے اکتا گئے تھے اس لئے ملازمت کو بالکل ترک کردیا اور خدمت دین کے لئے وقف ہوگئے۔

(کلام گوہر ص16)

احمدیت سے تعارف اور قبول حق کی سعادت پانا

حضرت خان موصوف نے تاریخ احمدیت کے ریکارڈ کے مطابق 1900ء میں بذریعہ خط بیعت کی۔ محترم پروفیسر حبیب اللہ خان صاحب مرحوم لکھتے ہیں:

''1888ء کی بات ہے کہ ریاض الاخبار گورکھپور میں حضرت بانی سلسلہ احمدیہ کا ایک خط الیگزنڈر رسل ویب سفیر امریکہ متعینہ فلپائن کے نام شائع ہوا اس کو پڑھتے ہی والد صاحب نے سمجھ لیا کہ جو آنے والا تھا وہ آگیا۔ والد صاحب کا بیان ہے کہ اس اخبار کو پڑھ کر میرے دل نے آپ کی تصدیق کی اور میں نے اپنے بھائی نوازش علی اور ایک اور صاحب کو اس وقت وہاں موجود تھے گواہ ٹھہراتے ہوئے کہا کہ اس زمانہ کا مصلح جو آنے والا تھا وہ آگیا ہے اور میں اس کی تصدیق کرتا ہوں۔ اس کے بعد حضور کے دعویٰ مسیحیت کا والد صاحب کو کوئی علم نہیں ہوا۔ 1892ء میں والد صاحب کی ملاقات مولوی تفضّل حسین صاحب اٹاوی سے ہوئی جو حضور کے مرید تھے تو والد صاحب نے فرط عقیدت سے ان کا ہاتھ چوم لیا۔ 1900ء میں جب یہ صاحب بھوگاؤں میں تحصیلدار تھے تو والد صاحب تین ماہ کے لئے اس جگہ نائب تحصیلدار ہوکر گئے۔ میل ملاپ کے دوران تفضّل حسین صاحب نے حضرت بانی سلسلہ کی کتاب ازالہ اوہام پڑھنے کے لئے دی تو والد صاحب کو حضور کے دعاوی اور ان کے دلائل کا تفصیلی علم ہوا اور انہوں نے فوراً بیعت کا خط حضور کی خدمت میں ارسال کردیا۔ (کلام گوہر ص22)

حضرت مسیح موعود کی زیارت

بیعت کے بعد 1904ء میں آپ قادیان کے لئے روانہ ہوئے۔ محترم پروفیسر صاحب مرحوم لکھتے ہیں:۔

''مئی 1904ء میں قادیان کے لئے روانہ ہوئے۔ بٹالہ پہنچ کر معلوم ہوا کہ حضور ایک مقدمہ کے سلسلہ میں گورداسپور تشریف لے گئے ہیں اس لئے والد صاحب گورداسپور چلے گئے اور سیدھا کچہری پہنچے۔ کچہری کے قریب ہی کھڑے تھے کہ حضور کو ...... تشریف لاتے دیکھا...... حضور نے اگرچہ والد صاحب کو پہلے نہیں دیکھا تھا تاہم پہچان لیا کہ یہ تحصیلدار صاحب ہیں اور اسی نام سے مخاطب ہوئے۔ والد صاحب نے سلام کرکے مصافحہ کیا اور جب حضور اتر کر شیشم کے درختوں کی طرف روانہ ہوئے تو والد صاحب حضور کے ہمراہ ہوئے۔ 4 بجے کچہری سے واپسی ہوئی والد صاحب کو بھی حضور نے اپنی قیام گاہ پر ٹھہرنے کا ارشاد فرمایا والد صاحب اچھی قسم کے لکھنوی خربوزے ساتھ لائے تھے وہ پیش کئے حضور پلنگ پر تشریف فرما تھے باقی اصحاب فرش پر بیٹھے تھے۔ خواجہ کمال الدین صاحب نے خربوزے کھانا شروع کر دیئے اور چھلکے پلنگ کے نیچے پھینکتے گئے والد صاحب کو یہ بات بہت ناگوار ہوئی۔ حضور نے والد صاحب کے چہرے کا تغیر دیکھ کر ان کے جذبات کو محسوس کیا اور حضور کا چہرہ سرخ ہوگیا۔ پھر حضور پیشاب کے لئے باہر تشریف لے گئے۔ دوسرے اصحاب بھی خربوزے ختم کرکے باہر پلنگوں پر جابیٹھے۔ والد صاحب نے چھلکے جمع کرکے کمرہ کی صفائی کردی جب حضور واپس کمرہ میں آئے تو خواجہ صاحب نے کہا تحصیلدار صاحب بہت سادہ مزاج اور بے تکلف ہیں۔ یہ سن کر حضور کا چہرہ پھر سرخ ہوگیا اور فرمایا خواجہ صاحب کیا صرف پنجاب میں ہی شریف لوگ ہوتے ہیں۔ حضور مقدمہ کے دوران اپنے رفقاء کے ساتھ ہی کھانا تناول فرمایا کرتے۔ والد صاحب حضور کے بالکل سامنے بیٹھتے تاکہ قربت بھی رہے اور حضور کے ارشادات بھی سن سکیں۔

چند روایات

محترم پروفیسر حبیب اللہ خان صاحب حضرت مسیح موعود سے ملاقات کے حوالہ سے لکھتے ہیں:۔

''والد صاحب نے پان حضور کی خدمت میں اس خیال سے پیش کیا کہ حضور کی زوجہ محترمہ دہلی کی ہیں گھر میں پان استعمال ہوتا ہوگا۔ حضور نے مسکراتے ہوئے پان لے کر کھالیا۔ پھر ہر کھانے کے بعد والد صاحب اسی طرح پان پیش کرتے رہے دو تین مرتبہ کے بعد خواجہ کمال الدین صاحب نے والد صاحب سے کہا کہ حضور کو پان کھانے کی عادت نہیں ہے آپ کی دلداری کے لئے کھالیتے ہیں اس سے حضور کو تکلیف ہوتی ہوگی۔ اس کے بعد والد صاحب نے پان پیش کرنے کی جرأت نہ کی۔ کھانے سے فراغت کے بعد حضور نے ارشاد فرمایا تحصیلدار صاحب آج آپ ہمیں بھول گئے۔ والد صاحب نے خواجہ صاحب کی گفتگو کا حوالہ دیا تو حضور نے بڑی شفقت سے فرمایا نہیں محمود کی والدہ مجھے پان دیتی ہیں تو میں کھالیتا ہوں۔ یہ حضور کی اپنے خدام سے کمال شفقت کا اظہار تھا۔

یہ تو اللہ کا معاملہ ہے

ایک دن حضور وقت سے کافی پہلے کچہری تشریف لے گئے۔ ابھی سارے حکام نہیں آئے تھے۔ خواجہ صاحب نے والد صاحب سے کہا چلئے ذرا جج خدا بخش صاحب سے مل آئیں۔ والد صاحب ساتھ ہولئے کمرہ میں جج صاحب اور ان کے پیش کار محمد حسین (خشکی) صاحب موجود تھے۔ دونوں نے خواجہ صاحب سے کہا کہ کرم دین سے یہ مقدمہ بازی نامناسب ہے آپ مرزا صاحب کو سمجھا کر صلح کرادیں۔ خواجہ صاحب نے کہا ہاں میں بھی صلح کو اچھا سمجھتا ہوں کوشش کروں گا پھر والد صاحب سے کہا آپ بھی میری تائید کردیجئے گا۔ والد صاحب خاموش رہے۔ جب خواجہ صاحب نے جج صاحب کا پیغام حضور کو پہنچایا۔ اس وقت حضور لیٹے ہوئے تھے یہ دیکھ کر کہ خواجہ صاحب بھی جج اور ان کے پیش کار کے ہم خیال ہیں حضور اٹھ بیٹھے اور بہت جوش سے فرمایا۔ ''خواجہ صاحب اس مقدمہ میں صلح کے معنی تو یہ ہیں کہ ہمارے دعوے جھوٹے ہیں اور ہم نے از خود ہی...... دعویٰ کردیا ہے۔ کیا یہ میرا مقدمہ ہے کہ میں صلح کرلوں۔ یہ تو اللہ کا معاملہ ہے۔ اس مقدمہ میں تو...... کا مسئلہ ہی بنائے مخاصمت ہے۔ ہمارا کرم دین کا ذاتی معاملہ تو نہیں ہے۔ ہم تو ذاتی طور پر کسی سے بھی مقدمہ بازی پسند نہیں کرتے۔ اس میں صلح ہو ہی کیا سکتی ہے''۔ یہ ساری تقریر اس جوش میں فرمائی کہ خود خواجہ صاحب اور تمام حاضرین نے محسوس کرلیا کہ خواجہ صاحب کو یہی جواب جج صاحب کو دینا چاہئے تھا اور

ایسا پیغام حضور تک پہنچانا خود خواجہ صاحب کے عدم فہم پر دال ہے۔

مجھے خط لکھتے رہا کریں میں دعا کروں گا

والد صاحب 24 دن حضور کی خدمت میں حاضر رہے اور بہت سے تائید الٰہی کے نشانات دیکھے جو ان کے لئے ازدیاد ایمان کا موجب ہوئے۔ جب رخصت ختم ہونے لگی اور شام کی گاڑی سے جانا تھا تو حضور سے اجازت لینے کی ہمت نہ تھی۔ غم سے نڈھال تھے اور منہ سے بات نہ نکلتی تھی۔ حضور نے اپنی قیام گاہ میں ایک کمرہ دعا کے لئے مخصوص کر رکھا تھا اسے سب دوست بیت الدعا کہنے لگے تھے۔ حضور بیت الدعا سے برآمد ہو کر پلنگ پر بیٹھ گئے۔ دوسرے (احباب) جو موجود تھے وہ مقابل کی چارپائی پر بیٹھے مصروف گفتگو تھے۔ والد صاحب بڑے رقیق القلب تھے۔ اپنی حالت زار سے مجبور ہو کر حضور کی پشت کی جانب جو پٹی تھی اس کو پکڑ کر سر چارپائی پر رکھ دیا باوجود کوشش کے ضبط نہ کر سکے اور سسکیاں لے کر رونے لگے جب حضور نے رونے کی آواز سنی تو پلٹ کر دیکھا۔ رونے کی وجہ سے ٹوپی تو سر سے اتری ہوئی تھی۔ حضور نے بڑی شفقت سے دیر تک والد صاحب کے سر پر ہاتھ پھیرا اور صبر کی تلقین کی اور فرمایا۔

''آپ گھبرائیں نہیں میں آپ کے لئے دعا کرتا رہوں گا۔ خدا آپ کے ساتھ ہو''۔ والد صاحب نے حالت گریہ میں ہی واپس جانے کی اجازت طلب کی۔ فرمایا ''بیشک جائیے مجھے خط لکھتے رہا کریں میں دعا کروں گا'' والد صاحب بیان کرتے ہیں کہ جب حضور میرے سر پر ہاتھ پھیر رہے تھے مجھے ایسا معلوم ہوتا تھا گویا میرے سر سے مصیبتوں کے پہاڑ دور ہو رہے ہیں اور دل کو اس درجہ ٹھنڈک پہنچتی تھی کہ میں لفظوں میں اس کا اظہار نہیں کر سکتا۔ (کلام گوہر ص 25,24)

حضرت اقدس کے الہام کا ایک رنگ میں پورا ہونا

بعض دفعہ ایک الہام کئی رنگ میں پورا ہوتا ہے اس کی تفصیل رجسٹر روایات میں یوں درج ہے۔ حضرت مولانا موصوف لکھتے ہیں:۔

''حضور نے فرمایا کہ نواب صاحب رام پور کو ہم لکھتے لیکن آپ کو شاید نقصان پہنچے خط دینے سے۔ میں نے عرض کیا مجھے کیا نقصان پہنچ سکتا ہے۔ اگر میری نوکری بھی چلی جاوے تو مجھے اندیشہ نہیں گورنمنٹ سے عارضی خدمات میری لی گئی ہیں۔ حضور نے خوش ہو کر فرمایا کہ خط دیں گے۔ چنانچہ حضور نے مجھے نواب صاحب رامپور سر سید حامد علی خاں صاحب مرحوم کے نام دیا جس کی نقل مفتی محمد صادق صاحب ایڈیٹر بدر نے رکھی۔ جب نواں پنڈ سے سیر کر کے لوٹے۔ میں اور مفتی محمد صادق صاحب حضور کے ہمراہ سڑک پر چلتے رہے جو سڑک دفتر فاروق کے پاس ہے یعنی سڑک محلّہ دارالفضل تقریباً اسی جگہ جہاں دفتر فاروق ہے۔ حضرت اقدس سے مفتی صاحب نے پوچھا کہ حضور کتاب بمعنی مکتوب بھی عربی میں آتا ہے۔ حضور نے فرمایا ہاں استعمال ہوتا ہے۔ پھر مفتی صاحب نے عرض کیا کہ حضور کا الہام کتاب الولی ذوالفقار علی پر بھی چسپاں ہوتا ہے۔ حضور چلتے چلتے رک گئے اور مفتی صاحب کی طرف مڑ کر کھڑے ہو کر فرمایا آپ صحیح کہتے ہیں''۔ (روایات رفقاء جلد 6 ص 361)

اس روایت سے معلوم ہوتا ہے کہ حضرت اقدس کے مکتوب کا مولانا ذوالفقار علی صاحب گوہر کے ذریعہ بھجوانا الہام مذکورہ کا ایک رنگ میں پورا ہونے کو ظاہر کرتا ہے۔ حضرت مولانا صاحب موصوف کے کئی اور واقعات بھی روایات رفقاء جلد 6 میں درج ہیں جن سے حضرت اقدس کے ساتھ آپ کے اخلاص و محبت ظاہر ہوتا ہے۔

قادیان میں مستقل سکونت اور خدمت دین

جب حضرت خان صاحب نواب آف رام پور کے ہاں ملازمت کر رہے تھے آپ کو ایک ابتلاء بھی پیش آیا جناب پروفیسر صاحب لکھتے ہیں:۔

''ایک مرتبہ ایک شخص والد صاحب کے پاس آیا اور کہا کہ میں احمدی ہونا چاہتا ہوں۔ والد صاحب نے اسے قادیان جانے کا مشورہ دیا۔ اس نے اپنی مالی تنگی کا دردناک رنگ میں اظہار کیا تو والد صاحب نے کچھ رقم بطور امداد کے دی اور ایک کتاب بھی پڑھنے کو دی اس نے وہ رقم اور کتاب نواب صاحب تک یہ کہہ کر بھجوا دی کہ یہ مجھے روپیہ دے کر قادیانی بنانا چاہتے ہیں۔ اس شکایت پر ان پر مقدمہ چلا لیکن بفضلہٖ تعالیٰ بری ہو گئے۔ اس وقت سے والد صاحب ریاست کی ملازمت سے دلبرداشتہ ہو گئے اور استعفیٰ دے کر پھر سرکار انگریزی کی ملازمت اختیار کر لی۔ دو سال بجنور میں متعین رہے''۔

محترم پروفیسر صاحب مزید لکھتے ہیں:۔

''1918ء میں جب حضرت مصلح موعود نے زندگی وقف کرنے کی تحریک فرمائی تو والد صاحب نے فوراً اپنا نام پیش کر دیا پھر 1920ء میں پنشن لے کر اور دنیوی عیش و آرام کو ترک کر کے قادیان کی چھوٹی سی بستی میں دھونی رما کر بیٹھ رہے اور فقیرانہ زندگی کو اختیار کر لیا۔ جو خدمت سپرد کی گئی اس کی سرانجام دہی کو اپنے اور اپنے متعلقین کے لئے باعث برکت سمجھا۔ کئی سال ناظر امور عامہ رہے اور بعد ازاں ناظر اعلیٰ کے عہدے پر فائز ہوئے۔ 1930ء میں نواب رضا علی خان والی ریاست رام پور نے والد صاحب کی خدمت سے استفادہ کرنے کی خواہش ظاہر کی اور حضرت امام جماعت احمدیہ کو اس بارے میں مراسلہ بھیجا تو حضور کی اجازت سے 5 سال رام پور میں گزارے لیکن وہاں دل نہ لگتا تھا۔ اس لئے استعفیٰ دے کر پھر مرکز سلسلہ میں آ بیٹھے حضور نے تحریک جدید میں نظامت جائیداد اور تجارت کا کام سپرد کیا۔ جو والد صاحب نے تقسیم ملک تک سرانجام دیا۔ پاکستان آنے کے بعد چلنے پھرنے سے معذور ہو گئے تھے۔ اس لئے مجبوراً جماعتی کاموں سے فراغت حاصل کر لی۔ سلسلہ کی خدمات کے دوران والد صاحب کو کئی مرتبہ اہم جماعتی وفود میں شمولیت کی عزت بھی حاصل ہوئی۔ مثال کے طور پر۔

1۔ جون 1921ء میں لارڈ ریڈنگ وائسرائے ہند سے ملاقات (الفضل 24 جولائی 1921ء)

2۔ فروری 1922ء میں شہزادہ ویلز کو تحفہ پیش کرنے کے لئے (الفضل 27 فروری 1922ء)

3۔ مئی 1924ء، دسمبر 1927ء اور فروری 1930ء میں مسلم لیگ کے سالانہ اجلاس میں شرکت کے لئے۔

4۔ 1925ء اور 1927ء میں آل مسلم پارٹیز کانفرنس میں شمولیت کے لئے اور مارچ 1928ء میں سائمن کمیشن سے ملاقات کے لئے جو نمائندہ وفود جماعت کی طرف سے بھیجے گئے ان میں والد صاحب ایک رکن کی حیثیت سے شامل ہوئے''۔

(کلام گوہر ص 18,17)

اگست 1930ء میں جب آپ حضرت خلیفۃ المسیح الثانی کی اجازت سے رام پور جانے لگے تو روانگی کے وقت ایک الوداعی ایڈریس پیش کیا گیا ایڈریس میں آپ کے کام کو سراہتے ہوئے خدمات کا یوں ذکر کیا گیا۔

''خان صاحب ایک عرصہ تک ناظر امور عامہ اور اس کے بعد کئی سال ناظر اعلیٰ کے عہدے پر فائز رہے۔ اپنا محکمانہ کام کا تجربہ جو آپ نے سرکاری اور ریاست کی ملازمت کے دوران حاصل کیا تھا ہمارے دفاتر کے بہت سے مسائل طے کرنے میں مفید اور کارآمد ثابت ہوا اور باوجود پیرانہ سالی اور بہت سے خانگی تفکرات کے جس شوق، اخلاص، جاں فشانی اور شگفتگی سے آپ نے اپنے فرائض کو سرانجام دیا ہے وہ حقیقی تعریف اور شکریہ کا مستحق ہے''۔

(الفضل 16 اگست 1930ء)

حضرت خلیفۃ المسیح الثانی نے اس موقعہ پر ارشاد فرمایا:۔

''میں خان صاحب کی ان خدمات سلسلہ کا شکریہ ادا کئے بغیر نہیں رہ سکتا جو انہوں نے دس سال تک باوجود پیرانہ سالی کے ادا کیں۔ 1918ء میں جبکہ میں نے وقف زندگی کا اعلان کیا تھا چوہدری نصر اللہ خان صاحب مرحوم و مغفور اور خان صاحب دونوں نے اپنی زندگی وقف کی تھی۔ خان صاحب نے بھی نہایت عسرت سے گزارہ کر کے جس اخلاص سے کام کیا ہے میں امید کرتا ہوں کہ اللہ تعالیٰ اس کی قدر کرے گا اور ان کی یہ قربانی ضائع نہیں جائے گی۔ اب وہ میری اجازت اور میری منشاء کے مطابق رام پور جا رہے ہیں۔ اللہ تعالیٰ سے دعا ہے کہ انہیں وہاں بھی سلسلہ کی خدمات کی توفیق عطا فرماتا رہے''۔

(الفضل 21 اگست 1930ء)

ایک خاص امتیاز

1924ء میں ایک بین الاقوامی کانفرنس المعروف ''ویمبلے کانفرنس'' انگلستان میں منعقد ہوئی۔ جس میں حضرت خلیفۃ المسیح الثانی کو بھی شرکت کی دعوت ملی۔ حضرت مولانا صاحب موصوف بھی حضور کے ہمراہ تشریف لے گئے۔ واپسی پر چند روز کے لئے حضور نے دمشق میں قیام کیا۔ اتفاق سے ہوٹل میں اتنی جگہ نہ مل سکی جہاں سارا قافلہ ٹھہر سکتا۔ مجبوراً دو خدام حضرت مولانا ذوالفقار علی خان صاحب گوہر اور حضرت ڈاکٹر حشمت اللہ خاں صاحب نے حضور کے ساتھ ہوٹل میں قیام کیا۔ صبح نماز فجر کے بعد حضور کو سامنے ایک سفید مینار نظر آیا۔ حضور کا خیال ''منارة البیضاء'' والی پیشگوئی کی طرف گیا۔ فرمایا ''آج وہ پیشگوئی پوری ہو گئی۔ اس وقت دو فرشتہ سیرت خدام میرے ساتھ ہیں اور ہم منارہ بیضاء کے قریب ہی اترے ہیں''۔

(بحوالہ الفضل 4 اگست 1979ء)

اس طرح پیشگوئی کے پورا ہونے اور حضرت مولانا صاحب موصوف کو فرشتہ سے تعبیر کرنا ایک بہت بڑا امتیاز اور اعزاز ہے۔

وفات اور اولاد

حضرت خان صاحب دہلی میں مقیم تھے۔ جب برصغیر کی تقسیم ہوئی تو آپ بمع اہل و عیال لاہور آ گئے اور وہیں سکونت اختیار کی۔ اپر مال روڈ پر ایک کوٹھی الاٹ ہوئی۔ اس طرح رہائش کا مسئلہ حل ہو گیا۔ پیرانہ سالی تھی جسم بھاری تھا۔ گھٹنوں کے درد کی تکلیف رہتی تھی۔ اکثر وقت لیٹے رہتے تھے۔ جس کی وجہ سے نظام ہضم پر اثر پڑا دن بدن کمزوری ہوتی گئی۔ بالآخر 26 فروری 1954ء کو بعمر 86 سال مولائے حقیقی سے جا ملے۔ حضرت مصلح موعود نے رتن باغ میں نماز جنازہ پڑھائی اور بہشتی مقبرہ ربوہ میں (قطعہ رفقاء) میں تدفین ہوئی۔ آپ کا وصیت نمبر 75 تھا۔ آپ کثیر العیال تھے۔ چار بیویوں سے اولاد تھی۔ جب 1920ء میں قادیان تشریف لے آئے تو آٹھ لڑکے اور چھ لڑکیاں تھیں۔ آپ کی اولاد میں سے حضرت مولانا عبدالمالک خان صاحب (ناظر اصلاح و ارشاد) اور پروفیسر حبیب اللہ خان صاحب ایم ایس سی (قائد عمومی مجلس انصار اللہ) کو خدمت سلسلہ کی خاص توفیق ملی۔

حضرت مولانا ذوالفقار علی خان صاحب گوہر شمالی ہندوستان کے ایک نامور خاندان سے تعلق رکھتے تھے اگرچہ برصغیر کی آزادی کے لئے جدوجہد میں اس خاندان کے ''علی برادران'' کا خاص تعلق ہے مگر حضرت خان صاحب کو دین حق کی خاص خدمت کا موقع عطا ہوا۔ جب کسی کانگریسی لیڈر نے آپ سے

باقی صفحہ 6 پر ☜

مکرم سید مصور احمد صاحب

چین میں میڈیکل کی تعلیم

چین دنیا کا تیسرا بڑا ملک ہے، جبکہ پہلے نمبر پر روس اور دوسرے نمبر پر کینیڈا آتے ہیں۔ اس کا کل رقبہ 95 لاکھ 96 ہزار 960 مربع کلومیٹر ہے۔ چین کی کل آبادی 1.2 بلین ہے۔ انتظامی لحاظ سے چین کو 22 صوبہ جات میں تقسیم کیا گیا ہے۔ چین کا دارالحکومت بیجنگ ہے جس کی آبادی 11 ملین ہے۔ اس کی آبادی میں 93 فیصد چینی ایسے ہیں جو کہ ”ہن“ (HAN) نسل سے تعلق رکھتے ہیں۔ جبکہ باقی نسلوں کے افراد 7 فیصد ہیں۔ چین کی زبان چینی ہے اور کرنسی چین یان یا RMB یا جس کو چینی اصطلاح میں ”رن من بی“ (Ren Min Bi) کہا جاتا ہے۔ ماؤزے تنگ کی کوششوں سے 1949ء میں چین آزاد ہوا اور ”عوامی جمہوریہ چین“ کہلایا اور آج اقوام متحدہ میں چین ویٹو پاور کا حامل ہے۔ پاکستان اور چین کی دوستی مثالی ہے۔

خاکسار پچھلے کچھ عرصہ سے چین میں مقیم ہے اور میڈیکل تعلیم حاصل کر رہا ہے۔ وکالت وقف نو کی طرف سے ملنے والی ہدایت کے مطابق خاکسار سے کہا گیا ہے کہ وہاں کے بارہ میں کچھ معلومات فراہم کی جائیں تا کہ ایسے طالبعلم جو چین جانے کے خواہشمند ہوں ان کی راہنمائی ہو سکے۔ خاکسار اپنے تجربے کے مطابق ذیل میں کچھ درج کرتا ہے۔

یونیورسٹی کا انتخاب

کسی بھی یونیورسٹی کا انتخاب کرتے ہوئے اس بات کو مدنظر رکھنا ضروری ہے کہ آپ کی معلومات ہر لحاظ سے پوری ہوں۔ چین میں ایسے بہت سے ادارے ہیں جو کہ میڈیکل کی تعلیم دے رہے ہیں۔ لیکن ان میں سے کچھ ہی ادارے ایسے ہیں کہ جو PMDC سے الحاق شدہ ہیں۔ ان الحاق شدہ اداروں کی فیس 5000 امریکی ڈالر یا اس سے زائد ہے۔ جو یونیورسٹی اس سے کم ہیں اور PMDC سے الحاق شدہ نہیں ان کی فیس 2500 امریکی ڈالر اور اس سے زیادہ ہیں۔ واضح رہے کہ یہ فیس سالانہ ہوتی ہے۔ چنانچہ ایسی یونیورسٹی جو کہ PMDC سے الحاق شدہ نہیں، ان کے طالبعلموں کو واپس اپنے ممالک میں جا کر وہاں کی میڈیکل کونسل کا امتحان دینا ہوتا ہے۔

پاکستان کے ہر بڑے شہر مثلاً اسلام آباد، لاہور وغیرہ میں ایسے افراد ہوتے ہیں جو معلومات فراہم کرتے ہیں اور اگر ان سے آپ کسی یونیورسٹی میں داخلے کا کام کروائیں تو ان کی فیس بھی لیتے ہیں۔ یونیورسٹی کا انتخاب کرتے ہوئے اس چیز کو مدنظر رکھیں کہ جب آپ کو کسی یونیورسٹی کے بارہ میں معلوم ہو تو انٹرنیٹ سے اس یونیورسٹی کی ویب سائٹ پر جا کر اس بارے میں معلومات لیں اور عمومی باتیں اور سوالات ہوتے ہیں ان کے جواب تلاش کریں۔ ہر یونیورسٹی کے اپنے ایجنٹ بھی ہوتے ہیں (یہ ایجنٹ پاکستان میں نہیں بلکہ چین میں ہوتے ہیں) اور صرف اسی یونیورسٹی کے لئے طالبعلم رجسٹر کرتے ہیں اور چین میں غیر ملکی طالبعلموں کو کنٹرول کرتے ہیں۔ جن افراد سے آپ اپنا کام کروا رہے ہیں۔ ان سے کہیں کہ آپ کو ایجنٹ کے فون نمبر دے دیں تا کہ آپ خود بھی ان سے بات کریں اور معلومات حاصل کریں۔ انہی ایجنٹوں سے آپ اس یونیورسٹی میں زیر تعلیم اپنے ملک کے کسی طالبعلم کا فون نمبر لیں اور ان سے بھی معلومات حاصل کریں۔ ان تین طریقوں سے معلومات حاصل کرنے سے فائدہ یہ ہوگا کہ ہر تین افراد کے اقوال میں آپ کو تضاد معلوم ہو جائے گا اور اس طرح آپ کو انتخاب کرنے میں آسانی بھی رہے گی۔ اس کے علاوہ یونیورسٹی کا پراسپیکٹس بھی کافی مددگار رہے گا۔ معلومات حاصل کرنے کا ایک اور طریق یہ بھی ہے کہ وہ افراد جن سے آپ اپنا کام کروا رہے ہیں، اگر ان کے ذریعہ سے اس یونیورسٹی میں پہلے بھی طالبعلم گئے ہیں تو ان کے فون نمبر لیں، ان سے بات کریں اور معلومات حاصل کریں۔ معلومات حاصل کرتے ہوئے درج ذیل باتوں کا دھیان رکھیں۔

1۔ یونیورسٹی کی حالت؟
2۔ کیا طالبعلم وہاں پر خوش ہیں؟
3۔ انتظامیہ کی حالت؟
4۔ اپنے علاقہ میں یونیورسٹی کا معیار؟
5۔ کیا اس یونیورسٹی کا کوئی گروپ ڈگری لے کر فیلڈ میں آ چکا ہے، اگر نہیں تو سب سے سینئر گروپ کس سال میں ہے؟
6۔ تعلیمی معیار؟
7۔ کیا یونیورسٹی کم از کم WHO سے الحاق شدہ ہے؟
8۔ کیا اساتذہ غیر ملکی ہیں یا چینی اور کیا وہ وقت پر آتے ہیں؟
9۔ میس (Mess) میں دیئے جانے والے کھانے کی حالت اور ہاسٹل میں سہولیات؟

خلاصہ کلام یہ کہ یونیورسٹی کا انتخاب کرتے ہوئے بے پناہ احتیاط سے کام لیں اور معلومات حاصل کرتے ہوئے ہچکچاہٹ کو اپنے اوپر غالب نہ آنے دیں۔

داخلے کا طریق کار

سال میں یونیورسٹی میں داخلے کے اعلانات آتے رہتے ہیں جن کا اعلان اخبارات میں یا انٹرنیٹ پر آتا ہے۔ داخلے کا وقت جو سال میں سب سے اچھا ہے وہ انٹری ٹیسٹ کے آس پاس کا وقت ہے تاہم اس سے لیٹ بھی داخلہ ممکن ہے۔ اکثر یونیورسٹی میں داخلے کا میرٹ F.Sc پری میڈیکل میں 50 فیصد سے 60 فیصد کے درمیان نمبروں پر ہے۔ جب یونیورسٹی میں داخلے کا اعلان ہو تو اپنی دستاویزات کی Attested فوٹو کاپی مع اپنے پاسپورٹ کی فوٹو کاپی کے، یونیورسٹی میں بھجوا دیں۔ تقریباً ایک یا ڈیڑھ مہینے میں جواب ڈاک کے ذریعے سے آئے گا کیونکہ چین کا ڈاک کا نظام کافی وسیع ہونے کی وجہ سے سست ہے۔ جواب آنے کی صورت میں درج ذیل دستاویزات آپ کے پاس موجود ہوں جن کی بناء پر آپ کو ویزا کے لئے Apply کرنا ہے۔

1۔ میٹرک کا رزلٹ کارڈ اور سند یا اولیول کرنے کی صورت میں اولیول کا رزلٹ کارڈ، سند اور Equivalent Certificate۔
2۔ F.Sc پری میڈیکل گروپ کے فرسٹ ایئر اور سیکنڈ ایئر کے بورڈ کے رزلٹ اور سند
3۔ یونیورسٹی کی طرف سے آنے والے JW-202 فارم، ایڈمیشن نوٹس اور اس کے علاوہ ایک اور تعارفی خط آپ کو آئے گا۔

JW-202 فارم کا خاص خیال رکھیں اور دیکھ لیں کہ یہ فارم آپ کو موصول ہوا ہے کہ نہیں۔ یونیورسٹی کی طرف سے جواب آنے پر آپ ویزا حاصل کرنے کا پراسیس شروع کریں۔ سب سے پہلے آپ اپنا میڈیکل چیک اپ کروائیں، میڈیکل چیک اپ کرواتے ہوئے اس بات کا دھیان رکھیں کہ کسی گورنمنٹ کے ہسپتال سے کروائیں اور اس پر میڈیکل سپرنٹنڈنٹ سے دستخط ضرور کروائیں۔ میڈیکل ٹیسٹ میں ہیپاٹائٹس B,C اور HIV کے ٹیسٹ، ECG کروانا لازمی ہیں۔

میڈیکل رپورٹ کلیئر ہونے کی صورت میں اپنے دستاویزات کی Attested فوٹو کاپی، پاسپورٹ کی فوٹو کاپی، میڈیکل رپورٹ وغیرہ آپ دفتر وزارت خارجہ اسلام آباد سے ایک دفعہ Attest کروالیں۔ اس کے بعد آپ کو چین کے سفارت خانے میں جا کر ویزا کے لئے Apply کرنا ہے۔

تعلیمی معیار

یونیورسٹی میں عموماً سمسٹر سسٹم ہوتا ہے اور تقریباً کل کورس ساڑھے چار یا پانچ سال میں ختم ہوتا ہے۔ اس میں تمام مضامین پڑھائے جاتے ہیں۔ سمسٹر سسٹم میں تمام مضامین علیحدہ علیحدہ اور مکمل ایک سمسٹر میں پڑھاتے ہیں، بجائے اس کے کہ بتدریج ان کو ملا کر پڑھایا جائے۔ اس وجہ سے کسی سبجیکٹ کا وقت کم ہو جاتا ہے۔ لیکن وہ مکمل ایک سمسٹر میں ختم کر دیا جاتا ہے۔ ایک سمسٹر کا کل وقت کم و بیش 6 ماہ کا ہوتا ہے جو کہ ویک اینڈ کی چھٹیاں اور دیگر غیر نصابی سرگرمیوں کی وجہ سے کم و بیش ساڑھے چار یا پانچ ماہ کا پڑھائی کا وقت رہ جاتا ہے۔ کچھ یونیورسٹی میں اساتذہ غیر ملکی ہوتے ہیں اور کچھ میں چینی اساتذہ پڑھاتے ہیں۔ تاہم معلومات لیتے ہوئے اس بات کو دھیان میں رکھیں کہ اساتذہ غیر ملکی ہیں یا چینی ظاہری بات ہے کہ جن یونیورسٹی میں غیر ملکی اساتذہ پڑھاتے ہیں وہاں کا معیار بھی باقیوں کی نسبت اچھا ہوگا۔ ہر یونیورسٹی میں چینی زبان لازمی پڑھائی جاتی ہے، کیونکہ چین میں اکثر بولنے والے انگریزی زبان سے ناواقف ہیں۔

یونیورسٹی کا ماحول

یونیورسٹی میں تعلیم Co-Education ہوتی ہے۔ مختلف ممالک سے لوگ آئے ہوتے ہیں۔ جس کے باعث لوگوں کی ذہنیت، ان کی ثقافت اور بودوباش کا اظہار واضح طور پر نظر آتا ہے۔ مختلف مذاہب سے تعلق رکھنے والے افراد ہوتے ہیں۔ جس کی وجہ سے وہاں پر موجود مذاہب کے افراد سے بات کرنے سے اور ان کے تہوار دیکھنے سے ان مذاہب کے بارے میں زیادہ قریب سے جاننے کا موقع ملتا ہے مختلف قسم کی غیر نصابی سرگرمیاں مثلاً کھیل وغیرہ ہر یونیورسٹی میں منعقد ہوتے ہیں جن سے طالبعلم کو اپنا آپ اظہار کرنے کا بہت موقع ملتا ہے اس کے علاوہ مختلف مذہبی تہوار مثلاً عید، ہولی، دیوالی وغیرہ بھی منائے جاتے ہیں۔ یونیورسٹی میں میس میں کھانے کی سہولت موجود رہتی ہے اور اس کے علاوہ ہاسٹل میں سہولیات عمومی طور پر اچھی ہوتی ہیں، تاہم ان کے بارے میں معلومات ضرور لے لیں۔ اگر یونیورسٹی میں غیر ملکی باورچی کام کرتا ہے تو عموماً کھانا حلال ہوتا ہے ورنہ میس میں کھانے کا مسئلہ درپیش رہتا ہے۔ وہاں پر چینی کھانے ہر وقت میسر رہتے ہیں لیکن ان کو کھایا نہیں جا سکتا ایسی صورت میں طلباء اپنا انتظام خود کرتے ہیں۔

ٹرانسفر پروگرام

Transfer Programme

اکثر طالبعلموں کے ذہن میں یہ بات ہوتی ہے کہ اگر ہم فلاں یونیورسٹی میں گئے اور وہاں وہ یونیورسٹی ہمیں پسند نہ آئی تو ہم اس سے کسی اور یونیورسٹی میں ٹرانسفر کر جائیں گے تاہم درج ذیل باتوں کا دھیان رکھیں۔

1۔ ہر یونیورسٹی کی اپنی ٹرانسفر پالیسی ہوتی ہے اور اس کی بناء پر وہ ٹرانسفر کرتی ہے یا نہیں۔
2۔ سٹوڈنٹ ویزا لگنے کی صورت میں ویزا "X" لگے گا جس کی عمومی میعاد 3 ماہ کی ہوتی ہے اور انٹری سنگل ہوتی ہے۔ جس تاریخ کو ویزا کے حامل افراد چین میں داخل ہوتے ہیں، اس کے بعد سے لے کر ایک ماہ تک وقت ہوتا ہے کہ ویزا کے حامل افراد کو دوبارہ اپنا میڈیکل چیک اپ کروا کر اپنے ویزے کی میعاد کو بڑھانا ہوتا ہے۔ یہ میڈیکل چیک اپ یونیورسٹی کرواتی ہے لہٰذا اس ایک ماہ کے قلیل وقت میں ٹرانسفر کرنا کافی مشکل ہوتا ہے۔ لہٰذا آپ کو چاہئے کہ اپنے

ملک میں جتنے ذرائع آپ معلومات کے کام میں لاسکتے ہیں لے آئیں اور اپنی پوری تسلی کرلیں۔

متفرق امور

1۔نماز، روزہ اور دیگر دینی فرائض پر سختی سے کاربند رہیں اور اپنی جماعتی روایات کو نہ چھوڑیں۔

2۔جب فلائٹ ٹکٹ آپ کے پاس آجائے تو اس یونیورسٹی کے ایجنٹ سے فون پر خود بات کرکے ان کو اپنی فلائٹ کی تاریخ، فلائٹ نمبر اور آمد کے وقت سے آگاہ کردیں تاکہ آپ کو کوئی وہاں لینے آجائے۔

3۔یونیورسٹی کی کل فیس سالانہ ہوتی ہے اور شروع میں ادا کرنی ہوتی ہے۔

4۔یونیورسٹی پہنچتے ہی اس چیز کا دھیان رکھیں کہ آپ اپنا بینک اکاؤنٹ کھلوالیں اور اس میں اپنے تمام پیسے جمع کروادیں۔

5۔کرنسی ایکسچینج کرواتے ہوئے اس بات کو مدنظر رکھیں کہ بینک سے تبدیل کروائیں۔کسی راہ چلتے سے نہیں کیونکہ یہ غیر قانونی ہے اور اس میں خطرہ ہے کہ وہ آپ کو دھوکہ بھی دے سکتا ہے۔

6۔اپنی تعلیمی دستاویزات، پاسپورٹ اور سٹوڈنٹ کارڈ کا خاص خیال رکھیں۔

7۔سیاسی اور مذہبی بحث سے اجتناب کریں اور اگر کوئی آپ کے ساتھ اس بحث میں پڑے تو اسے سختی سے منع کردیں۔

8۔کسی بھی قسم کی تبلیغی سرگرمیوں میں حصہ نہ لیں، صرف دل لگا کر اپنی پڑھائی مکمل کریں، کیونکہ اگر تبلیغی سرگرمیوں میں پکڑے گئے تو چین سے فوراً باہر نکال دیتے ہیں۔

9۔ہر قسم کے لڑائی جھگڑے سے باز رہیں۔

10۔قانون کا احترام کریں۔

11۔بینک اکاؤنٹ کھلواتے ہوئے یا ڈاک وصول کرتے ہوئے آپ کو اپنے پاسپورٹ کی ضرورت پڑے گی۔

12۔اضافی اخراجات منگوانے کا سب سے بہترین طریق Western Union کے ذریعہ جو کہ عموماً جلدی رقم پہنچا دیتا ہے۔رقم وصول کرتے ہوئے بھی آپ کو پاسپورٹ کی ضرورت پڑے گی۔ اضافی اخراجات عموماً طالبعلم کے اوپر پڑتےہیں۔اس میں کھانے کے اخراجات کسی حد تک شامل ہیں کیونکہ اگر طالبعلم میس میں کھانا نہیں کھاتا اور باہر سے کھاتا ہے تو وہاں پر اخراجات آتے ہیں اور اس کے علاوہ مختلف کپڑے خریدنا اور دیگر ضروریات کی چیزوں پر بھی اخراجات آتے ہیں۔ یہ اندازاً $500 سے $1000 سالانہ تک ہیں۔

آخر میں دعا کی درخواست ہے کہ وہاں پہلے سے زیرتعلیم طالب علموں کو اپنی خاص دعاؤں میں یاد رکھیں کہ اللہ تعالیٰ ان کا ہر لحاظ سے حامی و ناصر ہو اور محض اپنے فضل سے ان کی تمام مشکلات کو جو کہ پردیس میں پیش آتی ہیں۔ان سے دور رکھے۔آمین

جلسہ سالانہ ربوہ کی خوشگوار یادیں

محمد افضل متین صاحب

پیارے آقا حضرت مرزا طاہر احمد صاحب خلیفۃ المسیح الرابع کے دورِ خلافت کے ابتدائی دو جلسے جو ربوہ میں منعقد ہوئے خاکسار کو دیکھنے کی سعادت حاصل ہوئی۔اس وقت خاکسار کی عمر کافی چھوٹی تھی لیکن جلسہ کے روحانی ماحول کے اثرات اس قدر گہرے تھے کہ باوجود اتنا لمبا عرصہ گزرنے کے یہ حسین یادیں بہت لطف دیتی ہیں۔ دسمبر کے آخری عشرہ میں تین روز جلسہ منعقد ہوتا تھا۔لیکن اکتوبر نومبر سے ہی سینکڑوں اونٹوں کے ذریعہ پرالی لائی جاتی۔ جو کہ بیت الاقصیٰ جہاں مردانہ پنڈال ہوتا تھا اور خلافت لائبریری کے پیچھے گراؤنڈ جہاں زنانہ پنڈال ہوتا تھا وہاں بچھائی جاتی۔ پرالی کی آمد سے ہی اہل ربوہ کے دل خوش ہو جاتے اور جلسہ کی تیاریوں کے لئے خدام میں ایک جوش بھر جاتا۔ دکانوں والے اپنی دکانیں بھر لیتے۔ ایک بڑی تعداد غیر از احباب کی قریبی شہروں، قصبوں اور دیہاتوں سے ربوہ میں مختلف کھانے پینے کی چیزیں اور مختلف ضرورت کی اشیاء لے کر آتے اور جلسہ کے اختتام پہ جھولیاں بھر کر جاتے اور بہت خوش ہوتے تھے۔اپنے گھروں کو لوٹتے ہوئے کہتے جاتے تھے کہ پورے سال کی کمائی ہوگئی ہے۔گردونواح سے مالٹوں کی ٹرالیاں بھر بھر کے آتیں اور مونگ پھلی کے چھلکوں سے بھی پتہ چلتا تھا کہ ٹرکوں کے ٹرک بھر کے آئے ہوں گے۔

ربوہ کے تمام گھروں میں بہت چہل پہل ہوتی، جیسے جیسے جلسہ کے دن قریب آتے جاتے مہمانوں کی آمد شروع ہو جاتی مہمانوں کو خوش آمدید کہنے کے لئے اڈہ، اسٹیشن اور مہمان گاہوں سے تھوڑی تھوڑی دیر بعد لاؤڈ سپیکر کے ذریعہ نہایت پرجوش آواز میں اھلاً و سھلاً، جی آیاں نوں اور خوش آمدید کی آواز بلند ہوتی تو آنے والے مہمانوں کے چہرے خوشی اور مسرت کے جذبات سے چمک اٹھتے تھے۔اسی طرح اہالیان ربوہ کے گھروں میں بھی مہمان آنے شروع ہو جاتے۔ مہمان اس کثرت سے آتے تھے کہ بعض اوقات سننے میں آتا تھا کہ بعض ریلوے سٹیشنوں پہ ریلوے ٹکٹ بھی ختم ہو جاتے تھے۔ ربوہ کے گھروں کے اکثر کمروں سے چارپائیاں نکال کر ایک جگہ اکٹھی کر دی جاتیں اور پرالی بچھا دی جاتی تھی صحنوں میں خیمے لگا دیئے جاتے۔ کئی لنگر خانے کام شروع کر دیتے۔ میزبان اور انتظامیہ کے افراد سالن کے لئے بڑی بڑی بالٹیاں اور روٹیوں کے لئے کپڑے لئے قطاروں میں لگ جاتے۔ یہ قطاریں لمبی ہونے کے باوجود کھانا تقسیم کرکے بہت جلد نپٹا دی جاتی تھیں۔ان ایام میں کھانے میں عام طور پہ آلو گوشت کا سالن ہوتا، دال اور روٹی کے علاوہ پرہیزی کھانے میں ابلے ہوئے چاول ملتے تھے۔ جب خدام کھانا لے کر گھر لوٹتے تو گھر کے افراد اور مہمان مل کر کھانا کھاتے، ایسے لگتا تھا جیسے پورا ربوہ ایک ہی گھر بن چکا ہے۔

دسمبر کے مہینہ میں موسم بہت ٹھنڈا ہوتا تھا لیکن پھر بھی ربوہ کی سڑکوں، بازاروں اور محلوں میں بہت رش ہوتا تھا۔بعض دفعہ بارش دھند اور کہر پڑتی۔ایسے لگتا تھا کہ موسم بھی خوشی کا اظہار کر رہا ہے۔غرضیکہ لطیف موسم اور جلسہ کی گہما گہمی مل کر ایک خاص روح پہ اثر ڈالتے۔ پھر جب ہر دو جلسہ گاہوں سے وقتاً فوقتاً نعرہ تکبیر کی فلک بوس صدائیں بلند ہوتی تھیں اور جب وہ ربوہ کی بلند پہاڑیوں سے ٹکرا کر پوری فضا میں پھیل جاتیں تو ایسے لگتا تھا جیسے لاکھوں آوازوں کے ساتھ کروڑوں آوازیں اور بھی مل گئی ہوں گویا کہ زمین کی آواز کے ساتھ آسمان نے بھی اپنی آواز ملا دی ہو۔ پھر اس دور میں دل موہ لینے والی آواز میں نداء دی جاتی جو کہ دلوں پہ بہت گہرا اثر چھوڑتی یہ نداء عام طور پہ بیت المبارک میں ہوتی تھی اور جمعہ کے دن بیت الاقصیٰ میں ہوتی تھی۔اس نداء کا ابھی شروع ہونا ہی ہوتا تو ربوہ کے کونوں سے بھی بکثرت ندائیں بلند آواز میں شروع ہو جاتیں۔

جلسہ کے ایام میں خدام دن رات پھرتی اور خاموشی سے خدمت کرتے۔ایسے لگتا تھا جیسے ان میں بجلی بھر گئی ہے۔تھکان کا نام تک نہیں تھا۔ باوجود اس کے کہ بعض خدام مسلسل کئی کئی راتوں کے جاگے ہوتے تھے۔دارالضیافت کے سامنے والے تمام پلاٹوں میں خیمے لگا دیئے جاتے اور اسی طرح تمام جماعتی عمارات بھی مہمانوں کی آمد سے پُر رونق ہو جاتیں۔

پیارے حضور کار پہ آتے جب حضور بیت اقصیٰ میں تشریف لاتے تو خدام حفاظت کے لئے تھوڑے تھوڑے فاصلے پہ نمودار ہوتے۔ حضور کے سٹیج کے دائیں بائیں اور سامنے خدام پہرہ دینے کے لئے کھڑے ہوتے تو ان پہ رشک آتا اور ہم سوچتے کہ کیا ہی اچھا ہو کہ بڑے ہو کر اس جگہ ہم بھی کھڑے ہو کر پہرہ دیں۔ اللہ تعالیٰ نے یہ خواہش دوران تعلیم (مدرسۃ الظفر وقف جدید) متعدد بار پوری کی۔حضور جب بیت المبارک یا بیت الاقصیٰ یا جلسہ گاہ میں تشریف لاتے تو خوشی کے جذبات کے ساتھ ساتھ ایک گہرا سکوت بھی چھا جاتا اور پیارے آقا کی نہایت خوبصورت اور پُرسوز آواز ابھرتی تھی۔ جمعہ ہوتا تو پہلے نداء کی آواز روحوں میں لذت بھرتی پھر پیارے آقا کی آواز سونے پہ سہاگے کا کام کرتی اور ایک خاص روحانی ماحول چھا جاتا۔ جب نماز باجماعت ہوتی تو حضور کی تلاوت کی پُرسوز آواز میں بڑے تو بڑے بچے بھی کھو جاتے تھے۔رونے اور سسکیوں کی آوازیں نماز میں اور بھی رقت پیدا کر دیتیں وہ لذت ایسی تھی کہ ایک لمبا عرصہ گزرنے کے باوجود بھی وہ لذت یاد ہے اور اللہ تعالیٰ سے رو رو کر دعا کرتے ہیں کہ اے پیارے اللہ ہمیں جلد وہ دن پھر ربوہ میں دکھا تاکہ ہماری نئی نسل بھی اور ربوہ میں جواب تک کثرت سے نئی آبادی ہوئی ہے وہ لوگ بھی روحانیت کی بلندیاں دیکھیں اور خدا تعالیٰ کا شکر اور بھی بڑھ کر پیدا ہو کہ کس طرح ہمارے خدا نے ہم پہ کتنا بڑا انعام فرمایا ہے کہ ہمیں احمدیت عطا فرمائی ہے۔

ربوہ سے جب مہمان اپنے اپنے گھروں کو لوٹنے شروع ہوتے تو دل بہت دکھی ہوتا اور یہ دکھ اور اداسی جلسہ کے ختم ہونے کے بعد بھی کئی روز تک رہتی۔ ہم بچے ٹولیاں بنا بنا کر اس اداسی کو کم کرنے کے لئے دارالضیافت کے اردگرد چکر لگاتے تھے کہ دیکھیں اب کتنے مہمان رہ گے ہیں جب اکثریت چلی جاتی تو ہم بہت اداس ہوتے ایسے لگتا تھا جیسے سارا شہر ہی اداس ہو گیا ہے۔

ربوہ کے اردگرد کے شہروں اور دیہاتوں سے جلسہ پر غیر از جماعت کی ایک بڑی تعداد بھی شامل ہوتی، سب دعائیں دیتے ہوئے جاتے کہ بہت مزا آیا، بڑی اچھی تقاریر تھیں اللہ جزا دے۔ حضور کے متعلق کہتے مرزا صاحب بہت اچھے انسان ہیں انہوں نے ہمارا بہت خیال رکھا اللہ مرزا صاحب کو ہمیشہ خوش رکھے لمبی عمر دے اور غرباء بھی دعائیں دیتے کہ ان کی روزی روٹی خوب ہوگئی۔ غرضیکہ کیا اپنا اور کیا پرایا کیا بڑا کیا چھوٹا کیا امیر اور کیا غریب ہر ایک نئی روح لئے خوشی خوشی لوٹتا اور ہم پھر سے سارا سال انتظار میں لگ جاتے کہ کب جلسہ کے دن آئیں اور ہم رونقیں دیکھیں۔خدام الاحمدیہ کا سالانہ اجتماع بھی اس اداسی کو کسی حد تک کم کرتا تھا لیکن جو جلسہ سالانہ کی بات تھی اس کا تو اپنا مزا تھا۔

(☜ بقیہ صفحہ 4)

سوال کیا کہ:

آپ کے دو چھوٹے بھائیوں نے تو وطن کی آزادی کے لئے جدوجہد کی۔ آپ نے ایسا کیوں نہ کیا۔ جواب دیا میں بڑا بھائی تھا اس لئے میں نے اپنے ذمہ بڑا کام لیا۔اس نے پوچھا کون سا۔فرمایا:

’’ساری دنیا شیطان کی غلامی میں پھنسی ہے اور ساری دنیا کو آزاد کرانا ہندوستان کی آزادی سے بڑا کام ہے اس لئے میں اس تحریک میں شامل ہوں اور اس کا سپاہی ہوں جس تحریک کا یہی مقصد ہے یعنی تحریک احمدیت‘‘۔

(روایات رفقاء بحوالہ تاریخ احمدیت جلد سوم ص128)

حضرت مولانا موصوف کی سیرت کا یہ درخشاں پہلو امتیازی حیثیت کا حامل ہے سلسلہ احمدیہ کے لئے آپ کی خدمات نے آپ کو دائمی زندگی بخشی۔

ہرگز نمیرد آنکہ دلش زندہ شد بعشق
ثبت است بر جریدۂ عالم دوام ما

وصایا

ضروری نوٹ

مندرجہ ذیل وصایا مجلس کارپرداز کی منظوری سے قبل اس لئے شائع کی جا رہی ہیں کہ اگر کسی شخص کو ان وصایا میں سے کسی کے متعلق کسی جہت سے کوئی اعتراض ہو تو **دفتر بہشتی مقبرہ** کو پندرہ یوم کے اندر اندر تحریری طور پر ضروری تفصیل سے آگاہ فرمائیں۔

سیکرٹری مجلس کارپرداز۔ ربوہ

مسل نمبر 74202 میں لیلیٰ مرزا

زوجہ لمعات مرزا قوم مرزا پیشہ خانہ داری عمر 36 سال بیعت پیدائشی احمدی ساکن جرمنی بقائمی ہوش وحواس بلا جبر واکراہ آج بتاریخ 07-2-23 میں وصیت کرتی ہوں کہ میری وفات پر میری کل متروکہ جائیداد منقولہ و غیر منقولہ کے 1/10 حصہ کی مالک صدر انجمن احمدیہ پاکستان ربوہ ہوگی اس وقت میری کل جائیداد منقولہ و غیر منقولہ کی تفصیل حسب ذیل ہے جس کی موجودہ قیمت درج کر دی گئی ہے (1) طلائی زیور 750/- گرام اندازاً مالیتی 9000/- یورو (2) حق مہر ادا شدہ 7000/- یورو (3) نقد رقم 10000/- یورو اس وقت مجھے مبلغ 100/- یورو ماہوار بصورت جیب خرچ مل رہے ہیں۔ میں تازیست اپنی ماہوار آمد کا جو بھی ہوگی 1/10 حصہ داخل صدر انجمن احمدیہ کرتی رہوں گی۔ اور اگر اس کے بعد کوئی جائیداد یا آمد پیدا کروں تو اس کی اطلاع مجلس کارپرداز کو کرتی رہوں گی اور اس پر بھی وصیت حاوی ہو گی۔ میری یہ وصیت تاریخ 07-3-1 سے منظور فرمائی جاوے۔ الامۃ۔ لیلیٰ مرزا۔ گواہ شد نمبر 1 لمعات مرزا خاوند موصیہ۔ گواہ شد نمبر 2 محمد عرفان شاکر ولد محمد رمضان (مرحوم)

مسل نمبر 74203 میں لمعات مرزا

ولد مرزا برکت علی (مرحوم) قوم مرزا پیشہ ڈرائیور عمر 57 سال بیعت پیدائشی احمدی ساکن جرمنی بقائمی ہوش وحواس بلا جبر واکراہ آج بتاریخ 07-2-23 میں وصیت کرتا ہوں کہ میری وفات پر میری کل متروکہ جائیداد منقولہ و غیر منقولہ کے 1/10 حصہ کی مالک صدر انجمن احمدیہ پاکستان ربوہ ہوگی اس وقت میری کل جائیداد منقولہ و غیر منقولہ کی تفصیل حسب ذیل ہے جس کی موجودہ قیمت درج کر دی گئی ہے (1) بینک بیلنس 20000/- ڈالر۔ اس وقت مجھے مبلغ 1200/- یورو ماہوار بصورت تنخواہ مل رہے ہیں۔ میں تازیست اپنی ماہوار آمد کا جو بھی ہوگی 1/10 حصہ داخل صدر انجمن احمدیہ کرتا رہوں گا۔ اور اگر اس کے بعد کوئی جائیداد یا آمد پیدا کروں تو اس کی اطلاع مجلس کارپرداز کو کرتا رہوں گا۔ اور اس پر بھی وصیت حاوی ہوگی۔ میری یہ وصیت تاریخ 07-3-1 سے منظور فرمائی جاوے۔ العبد۔ لمعات مرزا۔ گواہ شد نمبر 1 محمد عرفان شاکر ولد محمد رمضان۔ گواہ شد نمبر 2 منظور احمد صادق ولد چوہدری غلام احمد

مسل نمبر 74204 میں عطیۃ النور

بنت محمد رزاق قوم جاٹ پیشہ طالب علم عمر 21 سال بیعت پیدائشی احمدی ساکن جرمنی بقائمی ہوش وحواس بلا جبر واکراہ آج بتاریخ 07-3-10 میں وصیت کرتی ہوں کہ میری وفات پر میری کل متروکہ جائیداد منقولہ و غیر منقولہ کے 1/10 حصہ کی مالک صدر انجمن احمدیہ پاکستان ربوہ ہوگی اس وقت میری کل جائیداد منقولہ و غیر منقولہ کی تفصیل حسب ذیل ہے جس کی موجودہ قیمت درج کر دی گئی ہے (1) بینک بیلنس 1000/- یورو۔ اس وقت مجھے مبلغ 80/- یورو ماہوار بصورت جیب خرچ مل رہے ہیں۔ میں تازیست اپنی ماہوار آمد کا جو بھی ہوگی 1/10 حصہ داخل صدر انجمن احمدیہ کرتی رہوں گی۔ اور اگر اس کے بعد کوئی جائیداد یا آمد پیدا کروں تو اس کی اطلاع مجلس کارپرداز کو کرتی رہوں گی اور اس پر بھی وصیت حاوی ہوگی۔ میری یہ وصیت تاریخ تحریر سے منظور فرمائی جاوے۔ الامۃ۔ عطیۃ النور۔ گواہ شد نمبر 1 محمد رزاق والد موصیہ۔ گواہ شد نمبر 2 ناہید رزاق ولد صوبیدار فضل قادر

مسل نمبر 74205 میں خالد محمود بٹ

